2017年4月24日ジャング紙ラーワルピンディー版1面

تربت مہمند میں دہشتگردی، 5 اہلکار شہید

ایف سی اہلکاروں کی گاڑی پر فائرنگ، دھماکا

مادر وطن دہشتگردوں سے پاک کرینگے، وزیراعظم

ہر پاکستانی ردالفساد کا سپاہی ہے، آرمی چیف

گاڑی پر حملے میں ایک شہری بھی شہید، مہمند کی تحصیل صافی میں بارودی سرنگ کے دھماکے میں ایک خاصہ دار شہید، آئیں ملکر پاکستان کو فساد سے پاک کریں، انجانے میں کسی شازش میں حصہ نہ بنیں، جنرل باجوہ

قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، شکست شدت پسندوں اور دہشتگردوں کا مقدر ہے، آصف علی زرداری، وزیر داخلہ چوہدری نثار، سراج الحق اور دیگر رہنماؤں کی حملے کی مذمت

کوئٹہ، مہمند ایجنسی، راولپنڈی (نمائندگان جنگ، وقائع نگار، نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے ضلع تربت میں ایف سی کی گاڑی پر دہشتگردوں کے حملے میں 4 جوانوں سمیت 5 افراد شہید اور 3 اہلکار زخمی ہوگئے۔ ضلع تربت کے علاقے مند میں ایف سی کے جوان گاڑی میں جارہے تھے کہ دہشت گردوں نے پہلے گاڑی پر فائرنگ کی پھر دھماکا کیا، شہداء میں ایک شہری بھی شامل ہے۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشتگردوں کی جانب سے فائرنگ کے بعد ایف سی جوانوں کی گاڑی کے قریب ٹائم ڈیوائس کے ذریعے دھماکہ بھی کیا گیا۔ اس دہشتگردانہ کارروائی میں ایف سی کے 4 جوانوں سمیت پانچ افراد شہید ہوگئے جبکہ ایف سی کے تین جوان زخمی بھی ہوئے ہیں۔ زخمی اہلکاروں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے، سکیورٹی فورسز نے جائے وقوعہ سے شواہد اکھٹے کرنا شروع کردیئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایف سی کی گاڑی معمول کے گشت پر تھی۔ دھماکہ خیز مواد تربت میں گاوک روڈ پر نصب کیا گیا تھا۔ علاقے کو سیل کر کے سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے۔ ادھر مہمند ایجنسی کی تحصیل صافی علینگار میں بارودی سرنگ کے دھماکہ میں ایک خاصہ دار جاں بحق اور ایک شدید زخمی ہو گیا۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق اتوار کے روز تحصیل صافی کے دور افتادہ علاقہ علینگار شینواری میں خاصہ دار فورس کا اہلکار اقبال خان ولد امیر داد ڈیوٹی پر موجود تھا اچانک بارودی سرنگ دھماکہ سے پھٹ گئی۔ جس کے نتیجے میں خاصہ دار اقبال موقع پر جاں بحق جبکہ اس کا ساتھی خاصہ دار زر محمد شدید زخمی ہو گیا۔ زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ شہید خاصہ دار اہلکار کی نماز جنازہ ہیڈ کوارٹر غلنئی میں ادا کی گئی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق تحصیل صافی کے علاقہ زیارت کلے میں مقامی ملک حیات گل کے حجرے کے قریب بھی ایک بارودی سرنگ پھٹ گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعات کے بعد سکیورٹی فورسز اور پولیٹیکل انتظامیہ نے تحقیقات اور پوچھ گچھ شروع کر دی ہے۔ وزیر اعظم نواز شریف نے تربت میں ایف سی کی گاڑی پر حملے کی شدید مذمت کی ہے اور دھماکے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مادر وطن کو دہشت گردوں سے مکمل پاک کریں گے وزیر اعظم نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر و جمیل کی دعا کی۔ پاکستان پیپلزپارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف علی زرداری نے بھی فرنٹیئر کور کے جوانوں پر حملے کی سخت مذمت کی اور کہا کہ ایف سی کے جوانوں کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی، شکست شدت پسندوں اور دہشتگردوں کا مقدر ہے۔ وزیر داخلہ چوہدری نثار اور جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق نے بھی دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کی ہے۔ دریں اثناء آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ ہر پاکستانی آپریشن ردالفساد کا سپاہی ہے، آئیں مل کر پاکستان کو فساد سے پاک کریں۔ آئی ایس پی آر کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل آصف غفور کی جانب سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر پاکستان کو محفوظ اور مضبوط بنانے کے لئے ایک مختصر ویڈیو جاری کی گئی ہے جس میں بغیر کسی تصدیق کے کسی بھی اجنبی شخص پر بھروسہ نہ کرنے کا پیغام دیا گیا ہے۔ پاک فوج کی طرف سے شہریوں میں شعور پیدا کرنے کے لئے پبلک سروس میسج پیغام میں عوام کو خبردار بھی کیا ہے کہ وہ انجانے میں کسی شرپسند کی سازش کا حصہ نہ بنیں۔ پیغام میں بتایا گیا ہے کہ شہری فسادیوں کا سہولت کار بننے سے گریز کرے، پاک فوج کے ترجمان کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کا کہنا ہے کہ ہر پاکستانی آپریشن ردالفساد کا سپاہی ہے اور ہمیں مل کر پاکستان سے فساد کا خاتمہ کرنا ہے۔